# سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2004

# SINDH ORDINANCE NO. I OF 2004

# سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ (ترمیم) آرڈیننس، 2004

# THE SINDH INFORMATION TECHNOLOGY BOARD (AMENDMENT) ORDINANCE, 2004

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 2002 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance No.III of 2002

3. 2002 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ 4 کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance No.III of 2002

4. 2002 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ 5 کی ترمیم

Amendment of Section 5 of Sindh Ordinance No.III of 2002

5. 2002 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ 7 کی ترمیم

Amendment of Section 7 of Sindh Ordinance No.III of 2002

# سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2004

# SINDH ORDINANCE NO. I OF 2004

## سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ (ترمیم) آرڈیننس، 2004

## THE SINDH INFORMATION TECHNOLOGY BOARD (AMENDMENT) ORDINANCE, 2004

[30 جنوری، 2004]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ آرڈیننس، 2002 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ آرڈیننس، 2002 میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

1. اس آرڈیننس کو سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ (ترمیم) آرڈیننس، 2004 کہا

جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

Short title and commencement

2002 کے سندھ آرڈیننس نمبرIII کی دفعہ 3 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance No.III of 2002

2. سندھ انفارمیشن ٹیکنالاجی بورڈ آرڈیننس، 2002 میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں:

(i) شق (c) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(cc) "میمبر" مطلب بورڈ کا میمبر:

(ii) شق (f) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(g) "وائیس چیئرپرسن" مطلب بورڈ کا وائیس چیئرپرسن۔"

2002 کے سندھ آرڈیننس نمبرIII کی دفعہ 4 کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance No.III of 2002

3. مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 4 میں، ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا:

| | |
|---|---|
| "(۱) بورڈ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گا: | |
| (i) سندھ کا گورنر | چیئرپرسن |
| (ii) انفارمیشن اور ٹیکنالاجی والا وزیر یا اس کی غیر موجودگی میں وزیر اعلیٰ کی طرف سے نامزد کردہ کوئی شخص | وائیس چیئرپرسن |
| (iii) گیارہ میمبر جن میں سے کم از کم پانچ نجی سیکٹر میں سے حکومت کی طرف سے مقرر کیئے جائیں گے۔" | |

2002 کے سندھ آرڈیننس نمبرIII کی دفعہ 5 کی ترمیم

4. مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 5 کی ذیلی دفعہ (2) میں، شق (a) کے لیئے مندرجہ ذیل

متبادل ہو گا:

"(a) انفارمیشن اور ٹیکنالاجی کے استعمال کو فروغ اور ترقی دلانے اور اس کی حکمت عملی قومی انفارمیشن ٹیکنالاجی پالیسی کا طریقہ اختیار کرنا، اگر کوئی ہو۔"

Amendment of Section 5 of Sindh Ordinance No.III of 2002

2002 کے سندھ آرڈیننس نمبرIII کی دفعہ 7 کی ترمیم

Amendment of Section 7 of Sindh Ordinance No.III of 2002

5. مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ے کی ذیلی دفعہ (2) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا:

"(2) چیئرپرسن اپنے کوئی بھی اختیار ماسوائے بورڈ کے اختیارات کے کسی بھی بورڈ کے عملدار کے حوالے کر سکتا ہے۔"

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**